© rasailojaraid.com



# شیخ البانیؒ کی کتاب ''الضعیفہ'' میں موجود صحیح روایات کا تحقیقی جائزہ (صحیحین کا مطالعہ)

محمد شاہد*

عبدالرؤف ظفر**

انسانیت کی رشد وہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے مختلف اوقات میں اپنے پیغمبر اس دنیا میں مبعوث فرمائے جنہوں نے کائنات، خالق کائنات اور انسان کے باہمی تعلقات کو واضح کر کے ان تعلقات کے تقاضوں کی تعمیل کے طریقے انسانوں کو سکھائے۔ پہلی امتوں میں سے اکثر لوگوں نے اپنے پیغمبروں کی ان تعلیمات سے نہ صرف روگردانی کی بلکہ ان میں تحریف بھی کی اور دین کو بھلا دیا۔ لیکن امت محمدی نے نہ صرف دین کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم سے سیکھا بلکہ آپ ﷺ کے فرامین وسنن کی بنیاد پر ایک کلچر روشناس کرایا اور بعد میں آنے والی نسلوں کے لیے آپکی تعلیمات کو کتابی شکل میں محفوظ کر دیا جنہیں ہم کتب حدیث کے نام سے جانتے ہیں۔ وضع حدیث کے فتنہ کی وجہ سے حفاظت حدیث کے سلسلے میں سند کا سلسلہ شروع کیا اور یوں اسماء الرجال کا فن وجود میں آیا جس سے نہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے فرامین محفوظ ہوئے بلکہ فن حدیث سے متعلق تقریبا پانچ لاکھ افراد کے حالات زندگی محفوظ ہوئے۔ یہ شرف کسی اور امت کو نصیب نہیں ہوا۔ بقول مارگولیتھ ''محمد ﷺ کے سوانح نگاروں کا ایک وسیع سلسلہ ہے جس کا ختم ہونا غیر ممکن ہے لیکن اس میں جگہ پانا قابل فخر چیز ہے۔(۱)

موجودہ دور میں اس فن کے سلسلے میں شیخ ناصر الدین الالبانیؒ کا نام ایک محقق کے طور پر معروف ہے جنہوں نے علوم الحدیث پر بہت کام کیا ہے اور ذخیرہ احادیث کا بلحاظ صحت وضعف از سر نو جائزہ لیا ہے جو ''سلسلة الاحاديث الصحيحة'' اور ''سلسلة الاحاديث الضعيفة'' کی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے۔

احادیث کی اس تحقیق وتنقیح کے سلسلے میں شیخ کا اپنا ایک طریق کار ہے۔ اس طریق کار میں ان کے اپنائے ہوئے اصولوں میں سے اکثر تو وہ ہیں جو متقدمین محدثین کے ہاں مستعمل ہیں لیکن چند ایسے بھی ہیں جو شیخ کا تفرد ہیں۔

چناں چہ سب سے پہلے ہم ان اصولوں کا جائزہ لیتے ہیں جن میں علامہ نے متقدمین محدثین کی تقلید کی ہے۔

اصول نمبر: 1

علامہ الالبانیؒ کے ہاں مضطرب روایت مردود ہے۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنة" میں رقمطراز ہیں:

رد الحديث المضطرب علم مما سبق آنفا أن من شروط الحديث الصحيح أن لا يكون معللا فاعلم أن من علل الحديث الاضطراب ـ(۲)

---

*ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور، پاکستان

**ڈائریکٹر سیرت چیئر، دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور، بہاولپور، پاکستان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس اصول میں علامہ نے ابوعمرو عثمان بن عبدالرحمٰن الشہر زوری (۶۴۳ھ) کی تقلید کی ہے۔علامہ نے اپنی تصنیف "ضعیف ابی داؤد" میں بحوالہ ابن الصلاح اضطراب کو حدیث کے ضعف کا موجب قرار دیا ہے۔(۳)

اصول نمبر :2

علامہ الالبانیؒ کے ہاں مدلس روایت مردود ہے۔چناں چہ اپنی کتاب " تمام المنۃ " میں رقمطراز ہیں:

**رد الحديث المدلس (۴)**

مدلس روایت کی عدم قبولیت کا یہ اصول "مقدمہ ابن الصلاح" میں امام شافعیؒ کے حوالے سے مذکور ہے۔(۵)

تاہم شیخؒ سے اس اصول میں تسامح ہوا ہے وہ اپنی تصنیف " تحقیق ریاض الصالحین " میں ایک حدیث پر اس کے مدلس ہونے کے باوجود (حسن) کا حکم لگا کر حدیث بیان کرتے ہیں:

**" عن أبي أمامة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من لم يغزو أو يجهز غازيا أو يخلف غازيا في أهله بخير أصابه الله بقارعة قبل يوم القيامة" رواه أبو داود بإسناد صحيح". (۶)**

اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں ایک راوی ولید بن مسلم مدلس ہے لیکن اس کے باوجود اسی روایت پر "السلسلۃ الصحیحۃ" میں صحت کا حکم لگاتے ہیں۔(۷)

اصول نمبر :3

علامہ الالبانیؒ کے ہاں مجہول راوی کی روایت مردود ہے۔چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

**"رد حديث المجهول" (۸)**

اس قاعدۃ میں علامہ الالبانی نے امام شافعیؒ کی تقلید کی ہے۔کیونکہ یہی اصول امام شافعی اور ابن عدی کے ہاں موجود ہے(۹)

"صحیح الترغیب والترہیب" میں شیخؒ سے اس اصول میں بھی تسامح ہوا ہے جب وہ ابوحفص دمشقی کی ایک روایت جو ابوامامہؓ سے مرفوعا روایت کرتے ہیں اور اس کو صحیح لغیرہ بتاتے ہیں باوجودیکہ وہ ابوحفص دمشقی کو مجہول کہتے ہیں۔(۱۰) دوسری روایت ابن ماجہ کی ہے جسے قاسم بن مہران ابورافع سے بیان کرتے ہیں۔اس کو بھی شیخؒ صحیح بتاتے ہیں باوجودیکہ قاسم بن مہران کو مجہول قرار دیتے ہیں۔(۱۱)

اصول نمبر :4

علامہ الالبانیؒ کے ہاں امام ابوداؤد کا کسی روایت پر سکوت اس کی صحت کی دلیل نہیں۔چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

**"عدم الاعتماد على سكوت أبي داود" (۱۲)**

"اکثر ائمہ حدیث سکوت ابی داؤد پر اعتماد کرتے ہیں۔"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بدرالدین العینی (۸۵۵ھ) کا اپنی کتاب ''شرح سنن ابی داود'' میں سکوت ابی داؤد کو عرف کی وجہ سے کم از کم حسن قرار دیتے ہیں (۱۳) جبکہ دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ امام ابوداؤد کا سکوت اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ روایت ضعیف نہیں ہے کیونکہ اگر وہ ان کے ہاں ضعف ہوتی تو وہ اس کو ضرور بیان کرتے۔(۱۴) سکوت ابی داؤد پر ملا علی القاری (۱۰۱۴ھ) کا بھی یہی نقطہ نظر ہے۔(۱۵) سخاوی (۹۰۲ھ) کے ہاں بھی یہی اصول ہے۔(۱۶) محمد حسین الذہبی (۱۳۹۷ھ) سکوت ابی داؤد کو ایک روایت کی صحت میں بطور استشہاد پیش کرتے ہیں۔(۱۷)

تاہم شیخ اپنے اس اصول کی پابندی نہیں کر سکے اور آپ نے سکوت ابی داود کو اپنی کتاب "ارواء الغلیل" میں بطور استشہاد پیش کیا ہے۔(۱۸)

اصول نمبر :5

علامہ الالبانی کے ہاں علامہ جلال الدین سیوطی کی "الجامع الصغیر" کے رموز معتبر نہیں ہیں۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

**'' رموز السیوطی فی "الجامع الصغیر" "لا یوثق بھا''** (۱۹)

یہ اصول ہمیں علامہ محمد عبدالرؤوف بن تاج العارفین المناوی (۱۰۳۱ھ) کے ہاں بھی ملتا ہے جس کی نشان دہی خود اپنی کتاب "سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ" میں یوں کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مناوی نے یہ اصول اپنی شرح "الفیض" میں ذکر کیا ہے۔(۲۰)

اصول نمبر :6

علامہ الالبانی کے ہاں ابن حبان کی توثیق معتبر نہیں ہے۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

**''عدم الاعتماد علی توثیق ابن حبان''** (۲۱)

علامہ ذہبی کے ہاں بھی یہی اصول ہے جس کو امام جوینی نے یوں بیان کیا ہے:

**''ولم یعتبر الذھبی توثیق ابن حبان والعجلی لتساھلھما لا سیما فی التابعین''** (۲۲)

شیخ اس اصول کی پابندی بھی نہیں کر سکے اور اپنی کتاب "السلسلۃ الصحیحۃ" میں "سبقکن یتامی بدر" والی روایت ذکر کر کے اس پر صحت کا حکم لگاتے ہیں حالانکہ اس روایت میں موجود راوی فضل بن حسن ضمری کو صرف ابن حبان نے ثقہ قرار دیا ہے۔ شیخ کی عبارت ملاحظہ ہو:

**''قلت: و ھذا إسناد صحیح ، رجالہ ثقات غیر الفضل بن الحسن الضمری ، فقد وثقہ ابن حبان وحدہ لکن روی عنہ جماعۃ من الثقات مع تابعیتہ ، فالنفس تطمئن للاحتجاج بحدیثہ''**(۲۳)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اصول نمبر :7

علامہ الالبانی ؒ کے ہاں عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری کا اپنی کتاب "الترغیب" میں کسی حدیث پر سکوت اختیار کرنا اس حدیث کی تقویت کا باعث نہیں ہے۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں اس اصول کو بیان کرتے ہیں:

"سکوت المنذری علی الحدیث فی "الترغیب" لیس تقویة له"

اس اصول کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں "بعض لوگوں کا گمان ہے کہ جس روایت پر منذری نے سکوت اختیار کیا ہے وہ صحیح ہے" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اصول متقدمین کے ہاں موجود ہے (۲۴)

اس اصول میں شیخ سے ان کی کتاب "الثمر المستطاب" میں تسامح ہوا ہے چنانچہ درج ذیل حدیث بیان کرتے ہیں:

"إذا بزق أحدكم في مسجدي أو المسجد فليحفر وليعمق أو ليبزق في ثوبه حتى يخرجه"

پھر اس پر حکم لگاتے ہوئے فرماتے ہیں:

"وهذا إسناد سكت عليه المنذري في (مختصره) وهو محتمل للتحسين" (۲۵)

اصول نمبر :8

علامہ الالبانی ؒ کے مطابق ضعیف حدیث پر فضائل اعمال میں بھی عمل نہیں کیا جائے گا۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

"ترک العمل بالحديث الضعيف في فضائل الأعمال." (۲۶)

اس اصول میں علامہ نے ان بعض محدثین کی تقلید کی ہے جنہوں نے ضعیف حدیث پر ترک عمل کو ضروری قرار دیا ہے۔ چناں چہ اپنی کتاب "الثمر المستطاب" میں فرماتے ہیں "فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر ترک عمل جن علماء کا مسلک ہے وہ حق پر ہیں۔ (۲۷)

یاد رہے کہ جمہور محدثین کا اس بات پر اجماع ہے کہ فضائل اعمال میں عمل بالحدیث الضعیف جائز ہے۔ اس اجماع کو سیوطی وغیرہ نے ذکر کیا ہے (۲۸) ملا علی قاری نے اس اصول پر حفاظ کا اجماع ذکر کیا ہے۔ (۲۹)

علامہ الالبانی ؒ نے اپنے بیان کردہ مذکورہ بالا قاعدہ کی پابندی کی ہے لیکن ایک جگہ ان سے اپنی کتاب "سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ" میں تسامح ہوا ہے۔ چنانچہ ایک مدلس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس پر فضائل اعمال میں عمل کیا جائے گا۔ (۳۰)

اصول نمبر :9

علامہ الالبانی ؒ کے ہاں ہر وہ روایت جس کے بارے میں شک ہو کہ صحیح ہے یا غیر صحیح تو وہ خبر ہوگی۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

"فكل شاك فيما يروى أنه صحيح أو غير صحيح داخل في الخبر" (۳۱)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علامہ الالبانی کا یہ اصول ابن حبان کی "اصول المجروحین" میں انہی الفاظ میں موجود ہے۔(۳۲)

اصول نمبر :10

علامہ الالبانیؒ کے ہاں حدیث صحیح پر عمل کرنا واجب ہے اگر چہ اس پر کسی نے عمل نہ کیا ہو۔ چناں چہ اپنی کتاب ''تمام المنۃ'' میں رقمطراز ہیں:

''وجوب العمل بالحديث الصحيح وإن لم يعمل به أحد'' (۳۳)

اس اصول میں بھی شیخؒ نے متقدمین محدثین کی تقلید کی ہے۔حوالہ کے لیے ''منهج النقد فی علوم الحديث لنور الدين عتر'' کی عبارت ملاحظہ ہو:

''ثم إن العلماء بعد أن اتفقوا على وجوب العمل بالحديث الصحيح الآحادى فى أحكام الحلال والحرام اختلفوا فى إثبات العقائد ووجوبها به. فذهب أكثر العلماء إلى أن الاعتقاد لا يثبت إلا بدليل يقيني قطعي هو نص القرآن أو الحديث المتواتر.'' (۳۴)

اصول نمبر :11

علامہ الالبانیؒ کے ہاں حدیث شاذ مردود ہے۔

چناں چہ اپنی کتاب ''تمام المنۃ'' میں رقمطراز ہیں:

'رد الحديث الشاذ'' (۳۵)

متقدمین میں سے امام ترمذیؒ کے ہاں کسی روایت کا شاذ ہونا اس کی وجہ ضعف نہیں ہے۔جبکہ علامہ الالبانیؒ کے نزدیک کسی روایت کا شاذ ہونا اس کے لیے وجہ ضعف ہے۔شیخؒ نے اس اصول میں کئی متقدمین کی موافقت کی ہے۔جن میں ابن الصلاح شامل ہیں۔(۳۶)

شیخؒ نے اس اصول کی تقریباً پابندی کی ہے اور کسی بھی شاذ روایت کو صحیح نہیں کہا۔

اصول نمبر :12

علامہ الالبانیؒ کے ہاں حدیث مرسل ضعیف ہے۔حوالہ جات درج ذیل ہیں۔

اپنی کتاب ''دفاع عن الحديث النبوی'' میں فرماتے ہیں کہ مرسل روایت ضعیف کی اقسام میں سے ہے۔(۳۷) ''إرواء الغليل'' میں فرماتے ہیں کہ مرسل روایت ضعیف ہے(۳۸) ''الرد المفحم'' میں فرماتے ہیں کہ مرسل روایت ضعیف ہے۔(۳۹) اسی کتاب میں دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ شواہد کے باوجود مرسل روایت کی صحت لازم نہیں آتی (۴۰) حالانکہ اپنی اسی کتاب میں اس سے پہلے فرما چکے ہیں کہ مرسل شواہد کے ملنے سے صحیح ہو جاتی ہے۔(۴۱)

علامہ سے اس اصول میں تسامح ہوا ہے۔بطور استشہاد ''سنن الترمذی'' کی مرسل روایات ملاحظہ ہوں جن پر آپ نے صحت کا حکم لگایا ہے۔روایات درج ذیل ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ يَغْزُو الرِّجَالُ وَلَا تَغْزُو النِّسَاءُ وَإِنَّمَا لَنَا نِصْفُ الْمِيرَاثِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ( وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللَّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ) قَالَ مُجَاهِدٌ وَأَنْزَلَ فِيهَا ( إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ ) وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ أَوَّلَ ظَعِينَةٍ قَدِمَتْ الْمَدِينَةَ مُهَاجِرَةً، قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ مُرْسَلٌ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُرْسَلٌ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَذَا وَكَذَا.(۴۲)

مذکورہ روایت پر علامہ الالبانیؒ کا حکم: تحقیق الألبانی: صحیح الإسناد۔(۴۳)

۲. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَنْطَبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ هَذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ، وَفِي الْبَاب عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ مُرْسَلٌ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَنْطَبٍ لَمْ يُدْرِكْ النَّبِيَّ ﷺ(۴۴)

مذکورہ روایت پر علامہ الالبانیؒ کا حکم: ( صحیح )(۴۵)

اصول نمبر:۱۳

علامہ الالبانیؒ کے ہاں اگر روایت کے مختلف طرق انفرادی طور پر ضعیف ہوں اور ان میں وجہ ضعف سوء حفظ ہو تو کثرت طرق کی وجہ سے وہ روایت قوی بن جائے گی۔لیکن اگر وجہ ضعف رواۃ کے صدق یا دین میں تہمت ہے تو وہ روایت کثرت طرق کے باوجود ضعیف ہی رہے گی۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

''تقوية الحديث بكثرة الطرق ليس على إطلاقه من المشهور عند أهل العلم أن الحديث إذا جاء من طرق متعددة فإنه يتقوى بها ويصير حجة وإن كان كل طريق منها على انفراده ضعيفا ولكن هذا ليس على إطلاقه بل هو مقيد عند المحققين منهم بما إذا كان ضعف رواته في مختلف طرقه ناشئا من سوء حفظهم لا من تهمة فى صدقهم أو دينهم وإلا فإنه لا يتقوى مهما كثرت طرقه''(۴۶)

یہ اصول ہمیں ابن الصلاح کے ہاں ''مقدمہ ابن الصلاح''میں ملتا ہے۔(۴۷) یہی اصول سیوطی ہے ہاں ''تدریب الراوی''میں بھی موجود ہے۔(۴۸)

اب ہم علامہ کے ان اصولوں کا جائزہ لیتے ہیں جن میں انہوں نے تفرد اختیار کیا ہے۔

اصول نمبر:۱

علامہ الالبانی کے ہاں محدثین کے قول ''اس روایت کے رواۃ صحیح روایت والے ہیں'' سے حدیث کی صحت لازم نہیں آتی چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنۃ" میں رقمطراز ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"قولهم: رجاله رجال الصحيح ليس تصحيحا للحديث." (۴۹)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ علامہ کے ہاں اس قول "رجالہ رجال الصحیح" کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ حالانکہ دیگر محدثین نے اس اصول کا استعمال کیا ہے۔ "فتح الباری" میں حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کے حوالہ جات ملاحظہ ہوں:

"وهو حديث صحيح رجاله رجال الصحيح" (۵۰)

مزید ۷ا جگہوں پر حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے اپنی "فتح الباری" میں ورجالہ رجال الصحیح کا حوالہ دیا ہے۔ جس کے لئے "فتح الباری" کا مطالعہ کیا جائے۔

اس کے علاوہ اور شارحین حدیث نے بھی یہ اصطلاح استعمال کی ہے۔ جن میں بزار، طبرانی، منذری اور ہیثمی شامل ہیں۔ حوالہ کے لیے "ارواء الغلیل" کی عبارات ملاحظہ ہوں:

" رواه البزار والطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح" (۵۱)

"وقال المنذري ثم الهيثمي "ورجاله رجال الصحيح"(۵۲)

اصول نمبر:۲

علامہ الالبانیؒ کے ہاں ضعیف حدیث کو اس کے ضعف کے بیان کے بغیر ذکر کرنا جائز نہیں۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنة" میں رقمطراز ہیں:

"لا يجوز ذكر الحديث الضعيف إلا مع بيان ضعفه" (۵۳)

یہ اصول شیخؒ کا تفرد معلوم ہوتا ہے کیونکہ صحاح ستہ کی ہر کتاب میں عندالشیخ ضعیف روایات موجود ہیں لیکن ان کے ساتھ اصحاب صحاح ستہ نے ان کا ضعف بیان نہیں کیا۔

اصول نمبر:۳

علامہ الالبانیؒ کے ہاں ضعیف حدیث کو روایت کرتے وقت اس کی نسبت رسول اللہ ﷺ کی طرف کرتے ہوئے یوں نہیں کہہ سکتے قال "صلی اللہ علیہ وسلم" أو: ورد عنہ یا اس قسم کی دوسری نسبت نہیں کر سکتے۔ چناں چہ اپنی کتاب "تمام المنة" میں رقمطراز ہیں:

"لا يقال في الحديث الضعيف:قال"صلى الله عليه و سلم"أو:ورد عنه ونحو ذلك" (۵۴)

یہ اصول بھی علامہ الالبانیؒ کا تفرد معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اصحاب صحاح ستہ و دیگر محدثین حدیث ضعیف کو بیان کرتے ہیں تو اس کے ساتھ قال "صلی اللہ علیہ وسلم" کا استعمال کرتے ہیں۔ "سنن الترمذی" سے ایک مثال بطور حوالہ ملاحظہ ہو:

"حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِي زُهْرَةَ عَنْ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيقٌ وَرَفِيقِي يَعْنِي فِي الْجَنَّةِ عُثْمَانُ قَالَ أَبُو عِيسَى هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَهُوَ مُنْقَطِعٌ.''(۵۵)

شیخؒ اس اصول کی پابندی نہیں کر سکے اور اپنی کتب میں ضعیف روایات کے ساتھ قال صلی اللہ علیہ وسلم ذکر کیا ہے۔

مثال ''صحیح وضعیف سنن أبی داود'' سے ملاحظہ ہو:

''حدثنا محمد بن عيسى حدثنا إسحق بن نجيح وليس بالملطى عن مالك بن حمزة بن أبي أسيد الساعدي عن أبيه عن جده قال قال النبي صلى الله عليه وسلم يوم بدر إذا أكثبوكم فارموهم بالنبل ولا تسلوا السيوف حتى يغشوكم.''

تحقيق الألباني :ضعيف ، / ، المشكاة (۳۹۵۴) (۵۶)

محترم قارئین! شیخؒ نے مذکورہ بالا اصولوں کی روشنی میں ذخیرہ حدیث کا از سر نو جائزہ لیا ہے جس کے لئے انہوں نے متقدمین محدثین کے اصولوں کو معیار بنایا ہے لیکن کچھ نئے اصول بھی متعارف کرائے ہیں۔ان اصولوں کو معیار بنا کر شیخؒ نے احادیث کی ایک بڑی تعداد کو ضعیف قرار دیا ہے جن میں صرف سند کو مدنظر رکھا گیا ہے۔حالانکہ یہ طرز عمل فن اسماء الرجال کے مقصد کے منافی ہے کیونکہ فن اسماء الرجال کا مقصد ذخیرہ حدیث کی کانٹ چھانٹ کر کے صحیح روایات کو نکالنا نہیں تھا بلکہ اس میں موضوع روایات کو داخل ہونے سے روکنا تھا۔

محض فن اسماء الرجال کسی حدیث کو صحیح یا ضعیف قرار دینے کے لیے ناکافی ہے کیونکہ یہ انسانوں کی انسانوں کے بارے میں آراء ہیں جو یقیناً خطاء کا احتمال رکھتی ہیں۔اس فن میں ہمیں کئی ایسی آراء ملتی ہیں جو محض تعصب پر مبنی ہیں جن کے مطالعہ کے لیے ابن عبدالبر(م-۴۶۳ھ) کی کتاب ''جامع بيان العلم وفضله'' میں ''باب حكم قول العلماء بعضهم في بعض'' ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

صحابہؓ وتابعین کے دور میں عمل کا مدار تعامل سلف پر تھا لیکن بعد میں آنے والے لوگوں نے نقد روایت کا مدار رواۃ کو بنا لیا جس کی وجہ سے ان کو اسماء الرجال کا فن وضع کرنے کی ضرورت پیش آئی۔اب نقد کا معیار پوری جماعت کے تعامل سے ہٹ کر اشخاص پر آ گیا اور نقد حدیث کا ایک اور معیار سامنے آیا۔اس فن کا مطالعہ کرنے والوں پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ اس میں آراء کا تضاد کثرت سے ہے ایک محدث ایک راوی کو عادل کہتا ہے تو دوسرا اس کو کذاب کہتا ہے۔اس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

۱۔ ابراہیم بن ادھم کی ولایت امت میں تواتر سے ثابت ہے لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں ''قال دارقطنی ضعیف''(۵۷)

۲۔ اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ تینوں جلیل القدر ائمہ ہیں لیکن ابن عدی کہتے ہیں کہ تینوں ضعیف ہیں۔(۵۸)

۳۔ بشر بن غیاث المریسی کے بارے میں ہے ''كان من اهل الورع والزهد''(۵۹) لیکن دوسری رائے ہے کہ وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بدعتی اور گمراہ تھا۔(٦٠)

۴۔ یزید بن الکمیت کے بارے میں ہے "کان من خیار الناس "(٦١) لیکن میزان الاعتدال میں ہے "قال الدارقطنی متروک"(٦٢)

۵۔ قاری عاصم کوفی جن کی قراءت ساری دنیا پڑھ رہی ہے ان کے بارے میں لکھا ہے وقال ابن سعد: ثقة إلا أنه كثير الخطأ في حديثه.(٦٣)

۶۔ یحیٰ بن معین فرماتے ہیں "اصحابنا لیفرطون فی ذم ابی حنیفة واصحابه"(٦٤)

اس فن میں اکثر جارح، مجروح ہم عصر نہیں ہیں جبکہ جرح کے لیے معاصرت ضروری ہے نیز یہ بھی ضروری ہے کہ ان کا مذہب اور علاقہ بھی ایک ہوتا کہ اس جرح میں شبہ موجود نہ رہے۔جبکہ اس بات کو نظر انداز کر کے موجودہ دور کے محققین حدیث کی خدمت سرانجام نہیں دے سکتے بلکہ اس طرز عمل سے فتنۂ انکار حدیث پیدا ہونے کا خدشہ موجود ہے۔

اور اگر روایات کی جانچ دپرکھ کا معیار تعامل سلف ہو جیسا کہ صحابہ وتابعین کے دور میں تھا تو اس سے نہ صرف ذخیرہ احادیث محفوظ رہے گا بلکہ ضعیف اور موضوع روایات کی جانچ دپرکھ میں بھی آسانی ہوگی کیونکہ تعامل امت کا مدار امت کے عمل پر ہے جو گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتی۔

تعامل امت کی کس قدر اہمیت ہے اور فن اسماء الرجال کا دائرہ کار کیا ہے اس کے لیے ہم احادیث کی تعامل وعدم تعامل اور صحت وضعف کے حوالہ سے مختلف صورتیں بیان کرتے ہیں۔عقلی طور پر اس کی چار صورتیں ہیں۔

۱۔ وہ روایات جن پر تعامل امت ہے اور ان کی سند صحیح ہے۔

۲۔ وہ روایات جن پر تعامل امت ہے لیکن ان کی سند ضعیف ہے۔

۳۔ وہ روایات جن پر عدم تعامل ہے لیکن ان کی سند صحیح ہے۔

۴۔ وہ روایات جن پر عدم تعامل ہے اور ان کی سند ضعیف ہے۔

ان میں سے پہلی صورت بالاتفاق مقبول ہے کیونکہ یہ دونوں معیارات پر پوری اترتی ہے۔دوسری صورت میں روایات پر تعامل تو ہے لیکن ان کی سند ضعیف ہے۔اس صورت میں فن اسماء الرجال پر بالکل اعتماد نہیں کیا جائے گا کیونکہ ان روایات پر تعامل کا ہونا اس بات کی روشن دلیل ہے کہ یہ روایات دور صحابہ وتابعین میں بالکل صحیح السند تھیں جو بعد میں کسی ضعیف راوی کے آنے کی وجہ سے ضعیف قرار پائیں۔ہمارے اس دعویٰ کی دلیل شیخ البانی کا "سلسلة الاحادیث الضعیفة" میں بوجہ تعامل ایک ضعیف روایت پر عمل کو جائز قرار دینا ہے۔چناں چہ فرماتے ہیں:

"قلت: وابن جريج: مدلّس وقد عنعنه! لكن الحديث ثبت العمل به عن بعض الصحابة؛ فلا نرى مانعاً من العمل به اتباعاً لهم واقتداء بهم" (٦٥)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسری دلیل یہ ہے کہ حافظ ابن قیمؒ (۷۵۱ھ) اپنی کتاب ''الروح'' میں ''تلقین المیت فی القبر'' کے اثبات پر ایک ضعیف حدیث لائے ہیں اور پھر اس پر عمل کا جواز ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

**''فهذا الحديث وان لم يثبت فا تصال العمل به فی سائر الامصار والاعصار من غير انكار كاف فی العمل به'' (٦٦)**

جبکہ حافظ سخاوی (م-۹۰۲ھ) نے تو یہاں تک کہا ہے کہ ضعیف کو اگر تعامل کی مدد حاصل ہو تو اس سے کوئی بھی قطعی حکم منسوخ ہوسکتا ہے:

**''ينزل منزلة التواتر فی انه ينسخ المقطوع'' (٦٧)**

تیسری صورت میں وہ صحیح السند روایات ہیں جن پر تعامل امت نہیں ہے۔ ان روایات پر عدم تعامل سے ان کی صحت میں شبہ پیدا ہوتا ہے۔ اس قسم کی روایات کسی بھی وجہ سے متروک العمل ہوں گی جن میں نسخ، عدم ضرورت، یا ان کا آپؐ کے ساتھ خاص ہونا شامل ہیں۔

ہمارے اس مؤقف کی تائید ابن رجب حنبلیؒ (۷۹۵ھ) کے اس قول سے ہوتی ہے جس میں فرماتے ہیں:

**''فاما الائمة وفقهاء اهل الحديث فانهم يتبعون الحديث الصحيح حيث كان اذا معمولا به عند الصحابة ومن بعد هم وعند طائفة منهم فاما فا اتفق علی تر كه فلايجوز العمل به لانهم ماتر كوه الاعلی علم انه لايعمل به'' (٦٨)**

اس بحث سے معلوم ہوا کہ اسماء الرجال کے فن کا دائرہ کار صرف آخری دو صورتوں تک محدود ہے۔ اس فن کے ذریعے ایسی صحیح اور ضعیف روایات کو الگ الگ کر لیا جائے جن پر تعامل امت نہیں ہے تا کہ صحیح روایات بوقت ضرورت مسائل اجتہادیہ میں کار آمد آسکیں۔

شیخؒ کے ہاں سنن اربعہ میں کل ۳۳۳۴ روایات ضعیف ہیں۔ اصحاب صحاح ستہ میں سے امام ترمذیؒ کو یہ شرف حاصل ہے کہ انہوں نے اپنی سنن میں تعاملی روایات کا التزام کیا ہے۔ نقد روایات کے اس طرز عمل کی بناء پر شیخ البانیؒ نے سنن الترمذی کی ۸۳۲ روایات کو ضعیف قرار دیا ہے، جن میں سے کئی احادیث پر امام ترمذیؒ نے صحت کا حکم لگایا ہے۔ ضعیف سنن الترمذی کی ۴۶ روایات ایسی ہیں جن پر شیخ نے اپنی دوسری کتب میں صحت کا حکم لگایا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ انہوں نے بخاری کی ۴ اور مسلم کی ۹ روایات کو بھی ضعیف قرار دیا ہے۔ لیکن یہ بات ذہن میں رہے کہ شیخؒ نے صحیحین کی ان روایات کو ضعیف قرار دیا ہے پھر ان سے دوسری کتب میں تسامح ہوا ہے اور انہوں نے ان میں سے اکثر روایات کو صحیح بھی قرار دیا ہے۔

اس آرٹیکل کا مقصد شیخ کے تسامحات بیان کرنا نہیں بلکہ ان کے ''سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ'' سے صحیح روایات کو نکالنا ہے۔ جس کی ابتداء ہم نے صحیحین کے مطالعہ سے کی ہے۔ اس میں اس بات کا التزام کرنے کی کوشش کی ہے کہ صحیحین کی ان روایات کی صحت شیخؒ کے ہی اقوال سے بیان کریں تا کہ ان کی صحت میں کوئی شبہ باقی نہ رہے۔ پہلے بخاری کی روایات ملاحظہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوں۔

حدیث بخاری نمبر (۱)

"حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ مَرْحُومٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ قَالَ اللَّهُ ثَلَاثَةٌ أَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ أَعْطَى بِي ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِ أَجْرَهُ"(٦٩)

بخاری کی اس روایت کو شیخؒ نے اپنی کتاب "ضعیف الترغیب والترھیب" میں ضعیف قرار دیا ہے۔(۷۰) اور اپنی کتاب "ارواء الغلیل" میں فرماتے ہیں کہ اگرچہ اس حدیث کو امام بخاری نے بخاری میں ذکر کیا ہے لیکن اس کے باوجود دل اس کی صحت پر مطمئن نہیں ہے کیونکہ اس حدیث کی سند کا مدار یحیی بن سلیم پر ہے (۷۱) لیکن شیخ نے اپنی کتاب "مختصر ارواء الغلیل" میں اسی حدیث پر "حسن أو قریب منه" کا حکم لگایا ہے۔(۷۲)

حدیث بخاری نمبر (۲)

"حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى ثَلَاثَةٌ أَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ أَعْطَى بِي ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِهِ أَجْرَهُ"(۷۳)

بخاری کی اس روایت کو شیخؒ نے اپنی کتاب الجامع الصغیر وزیادتہ میں ضعیف قرار دیا ہے۔(۷۴) اس روایت کی تفصیلی بحث ماقبل حدیث والی ہے۔

حدیث بخاری نمبر (۳)

"حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ ﷺ فِي حَائِطِنَا فَرَسٌ يُقَالُ لَهُ اللُّحَيْفُ قَالَ أَبُو عَبْد اللَّهِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اللُّخَيْفُ" (۷۵)

بخاری کی اس روایت کو شیخؒ نے ابی ابن عباس کی وجہ سے اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں ضعیف قرار دیا ہے۔(٦٧) اور اپنی کتاب "سلسلة الأحادیث الضعیفة" میں اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

"أبی بن عباس ؛ ضعیف کما فی "التقریب"، مع أنه من رجال البخاری کما یأتی ، وقد اتفقوا علی تضعیفه ، منهم البخاری نفسه ؛ فقد قال لیس بالقوی. فالعجب منه کیف أخرج له هذا الحدیث"(۷۷)

نیز اپنی کتاب "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں بھی اس روایت کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔(۷۸)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس روایت پر شیخؒ نے صحت کا حکم کہیں نہیں لگایا تو اس کو ان کا تفرد قرار دیا جا سکتا ہے۔

حدیث بخاری نمبر (۴)

"حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ عَنْ نُعَيْمِ الْمُجْمِرِ قَالَ رَقِيتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ عَلَى ظَهْرِ الْمَسْجِدِ فَتَوَضَّأَ فَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ إِنَّ أُمَّتِي يُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوءِ فَمَنْ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ." (۷۹)

شیخؒ نے اس حدیث کے دوسرے حصہ "فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ" کو اپنی کتاب "سلسلة الاحادیث الضعیفة" میں ابوھریرہؓ کا قول قرار دے کر ضعیف قرار دیا ہے۔ (۸۰) تلاش بسیار کے باوجود اس کی صحت ہمیں شیخ کی دوسری کتب سے نہیں مل سکی۔

اب ہم ذیل میں مسلم کی ان روایات کا جائزہ لیتے ہیں جن کو شیخؒ نے اپنی بعض کتب میں ضعیف قرار دیا ہے۔ ہم ان کی ہی کتب سے ان روایات کی صحت معلوم کرنے کی کوشش کریں گے۔

حدیث مسلم نمبر (۱)

"حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحُوا إِلَّا مُسِنَّةً إِلَّا أَنْ يَعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوا جَذَعَةً مِنَ الضَّأْنِ" (۸۱)

مسلم شریف کی اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے شیخؒ اس کو اپنی کتاب "سنن ابن ماجہ - باقی + البانی" میں ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (۸۲) اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں بھی اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (۸۳) نیز اپنی کتاب "سلسلة الأحادیث الضعیفة" میں بھی اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (۸۴)

لیکن شیخؒ نے "مشکاۃ المصابیح" کی روایات کی تحقیق کرتے ہوئے اسی روایت پر صحت کا حکم لگایا ہے۔ (۸۵)

حدیث مسلم نمبر (۲)

"حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ الْعُمَرِيِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللَّهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ الرَّجُلَ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهِ وَتُفْضِي إِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا." (۸٦)

علامہ البانیؒ اس روایت کے بارے اپنی کتاب "آداب الزفاف" میں فرماتے ہیں اگرچہ یہ روایت مسلم کی ہے لیکن یہ عمر بن حمزہ العمری کی وجہ سے ضعیف ہے کیونکہ وہ ضعیف راوی ہے۔ (۸۷) اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں بھی اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے۔ (۸۸) اپنی کتاب "صحیح وضعیف الجامع الصغیر" میں بھی اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۸۹) جبکہ اپنی کتاب "ضعیف الترغیب والترھیب" میں اس کو منکر قرار دیا ہے۔(۹۰)

شیخؒ نے اسی حدیث پر "مشکاۃ المصابیح" کی روایات کی تصحیح وتضعیف کے دوران صحت کا حکم لگایا ہے۔(۹۱)

حدیث مسلم نمبر(۳)

"وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الْأَمَانَةِ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الرَّجُلَ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهِ وَتُفْضِي إِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ إِنَّ أَعْظَمَ" (۹۲)

اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں اس روایت کو بھی شیخؒ نے عمر بن حمزہ کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے۔(۹۳)

اس حدیث کی تفصیلی بحث گذشتہ حدیث کے ذیل میں گزر چکی ہے۔

حدیث مسلم نمبر(۴)

"و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ مِنْ اللَّيْلِ فَلْيَفْتَتِحْ صَلَاتَهُ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ" (۹۴)

شیخ نے مسلم شریف کی اس روایت کو اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں ضعیف قرار دیا ہے۔(۹۵) اپنی کتاب "مختصر الشمائل" میں بھی اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔(۹۶) نیز "ضعیف أبی داود" میں اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔(۹۷)

لیکن انہوں نے اسی روایت کو اپنی کتاب "الجامع الصغیر وزیادتہ" میں صحیح قرار دیا ہے۔(۹۸) "تحقیق ریاض الصالحین" میں بھی صحیح قرار دیا ہے۔(۹۹) "مختصر إرواء الغلیل" میں بھی صحیح قرار دیا ہے۔(۱۰۰)

حدیث مسلم نمبر(۵)

"حَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَالْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ بْنِ دِينَارٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالُوا حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُجْمِرِ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَتَوَضَّأُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ فَأَسْبَغَ الْوُضُوءَ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنَى حَتَّى أَشْرَعَ فِي الْعَضُدِ ثُمَّ يَدَهُ الْيُسْرَى حَتَّى أَشْرَعَ فِي الْعَضُدِ ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنَى حَتَّى أَشْرَعَ فِي السَّاقِ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُسْرَى حَتَّى أَشْرَعَ فِي السَّاقِ ثُمَّ قَالَ هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَتَوَضَّأُ وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ أَنْتُمْ الْغُرُّ الْمُحَجَّلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ إِسْبَاغِ الْوُضُوءِ فَمَنْ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ فَلْيُطِلْ غُرَّتَهُ وَتَحْجِيلَهُ" (۱۰۱)

امام مسلمؒ نے اس روایت کے دونوں حصوں کو اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے جبکہ شیخ البانیؒ نے مذکورہ بالا مسلم شریف کی روایت کے دوسرے حصہ کو اپنی کتاب "سلسلة الأحادیث الضعیفة" میں ضعیف قرار دیا ہے اور اس کو ابوھریرہؓ کا قول قرار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دے کر یہ فرمایا ہے کہ بعض رواۃ نے اس حصہ کو مرفوع روایت میں درج کیا ہے (۱۰۲) اور ''الجامع الصغیر وزیادتہ'' میں ضعیف قرار دیا ہے۔ (۱۰۳) امام بخاریؒ نے بھی اس روایت کے دونوں حصوں کو ''الصحیح'' میں درج کیا ہے۔ (۱۰۴)

حدیث مسلم نمبر (٦)

''و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ الْغَطَفَانِيِّ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمَرِيِّ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ الدَّجَّالِ

و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ جَمِيعًا عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ شُعْبَةُ مِنْ آخِرِ الْكَهْفِ و قَالَ هَمَّامٌ مِنْ أَوَّلِ الْكَهْفِ كَمَا قَالَ هِشَامٌ'' (۱۰۵)

علامہ البانیؒ نے مسلم شریف کی مذکورہ بالا روایت کو اپنی کتاب ''صحیح وضعیف الجامع الصغیر'' میں ضعیف قرار دیا ہے۔ (۱۰٦)

لیکن ''السلسلۃ الصحیحۃ'' میں شیخؒ نے اسی روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔ (۱۰۷) ''صحیح الترغیب والترھیب'' میں بھی اس کو صحیح قرار دیا ہے۔ (۱۰۸) پھر اس روایت کو اسی کتاب میں صحیح لغیرہ قرار دیا ہے۔ (۱۰۹)

اس روایت کو ضعیف پھر صحیح پھر صحیح لغیرہ قرار دینے کے بعد شیخ اسی روایت کو اپنی کتاب ''تحقیق ریاض الصالحین'' میں شاذ قرار دیتے ہیں۔ حوالہ درج ذیل ہے۔

( الروایة الأولى صحیحة والثانیة شاذة ) ( حکم حدیث )

''عن أبي الدرداء رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ قال: من حفظ عشر آیات من أول سورة الکهف عصم من الدجال. وفي روایة " :من آخر سورة الکهف "رواهما مسلم '' (۱۱۰)

حدیث مسلم نمبر (۷)

''حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ'' (۱۱۱)

''مشکاۃ المصابیح'' کی روایات کی تصحیح وتضعیف کے دوران شیخ نے مذکورہ حدیث پر ضعف کا حکم لگایا ہے۔ (۱۱۲)

لیکن اس کے برعکس پھر شیخؒ نے اسی روایت کو 'الإیمان لابن تیمیۃ' کی روایات کی تخریج کرتے ہوئے صحیح قرار دیا ہے۔ (۱۱۳) ''الجامع الصغیر وزیادتہ'' میں صحیح قرار دیا ہے۔ (۱۱۴) اور ''صحیح الترمذی'' میں بھی صحیح قرار دیا ہے۔ (۱۱۵)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدیث مسلم نمبر(۸)

''و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِی شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیرٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ كِلَاهُمَا عَنْ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِی صَالِحٍ عَنْ أَبِی سَعِیدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ یُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ'' (۱۱۶)

اس کی بحث سابقہ حدیث والی ہے۔

حدیث مسلم نمبر(۹)

''و حَدَّثَنِی حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِی عَمْرٌو أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَحُمَیْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ حَدَّثَاهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُولَ اللَّهِ كَیْفَ صَلَاةُ اللَّیْلِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةُ اللَّیْلِ مَثْنَى مَثْنَى فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ'' (۱۱۷)

علامہ البانیؒ نے مسلم کی مندرجہ بالا روایت کو اپنی کتاب ''الجامع الصغیر وزیادتہ'' میں ضعیف قرار دیا ہے۔(۱۱۸) اور ''صحیح وضعیف الجامع الصغیر'' میں بھی ضعیف قرار دیا ہے۔(۱۱۹)

لیکن اس کے برعکس شیخؒ نے اسی روایت کو اپنی کتاب ''تحقیق ریاض الصالحین'' میں صحیح بھی قرار دیا ہے۔(۱۲۰) اور ''صحیح وضعیف سنن الترمذی'' میں بھی صحیح قرار دیا ہے۔(۱۲۱)

مندرجہ بالا تمام بحث سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ شیخؒ کے کام پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے تاکہ ذخیرہ حدیث کی صحیح روایات کو ضعیف ہونے سے بچایا جاسکے۔ یہ مقالہ اس کی ابتدائی کوشش ہے۔

آخر میں قارئین سے سوال ہے کہ اس صورت حال سے اتحاد امت ہوگا یا افتراق امت؟ نیز یہ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کہ شیخؒ کی تحقیقات کو ہم نے کس حد تک قبول کرنا ہے اور بخاری، مسلم اور ترمذی سے شیخؒ کی تضاد رائے کے وقت ہم نے کس کے فیصلہ کو حتمی سمجھنا ہے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی وحوالہ جات


۱۔ شبلی، سیرۃ النبی ﷺ، دارالاشاعت، کراچی، ط۱، ۱۹۶۵م، ۶۶/۱

۲۔ الألبانی محمد ناصرالدین، تمام المنة فی التعلیق علی فقه السنة، المكتبة الإسلامية، دارالراية للنشر، الطبعة: ۳، ۱۴۰۹ھ، ۱۷/۱

۳۔ الألبانی محمد ناصرالدین، ضعیف أبی داود۔ الأم ۔مؤسسة غراس للنشر والتوزیع الكويت، الطبعة: ۱، ۱۴۲۳ھ، ۲۴۰/۱

۴۔ تمام المنة فی التعلیق علی فقه السنة، ۱۸/۱

۵۔ أبوعمرو عثمان بن عبدالرحمٰن الشهرزوری، مقدمة ابن الصلاح، مكتبة الفارابی، الطبعة: ۱، ۱۹۸۴م۔ ۱۳۵۶ھ، ۴۲/۱

۶۔ أبوزكريا محيی الدين يحيی بن شرف النووی (م-۶۷۶ھ)، تحقيق رياض الصالحين، المكتب الإسلامی، بيروت، تحقيق: محمد ناصرالدين الألبانی، ۴۷۰/۱

۷۔ الألبانی محمد ناصرالدین، السلسلة الصحيحة، مكتبة المعارف، الرياض، ۶۲/۶، ح:۲۵۶۱

۸۔ تمام المنة، ۱۹/۱ ۹۔ الجديع، عبدالله، تحرير علوم الحديث www.ahlalhdeeth.com، ۲۳۲/۳

۱۰۔ الألبانی محمد ناصرالدین، صحیح الترغيب والترهيب، مكتبة المعارف الرياض، الطبعة: ۵، ۴۷/۱، ح:۱۹۹

۱۱۔ صحیح الترغيب والترهيب، ۶۹/۱ ح:۲۸۱ ۱۲۔ تمام المنة، ۲۷/۱

۱۳۔ العینی، أبومحمد محمود بن أحمد بن موسی بن أحمد بن حسين الغيتابی الحنفی بدر الدين شرح أبی داود للعينی، مكتبة الرشد الرياض، الطبعة: الأولی، ۱۴۲۰ھ ۱۹۹۹م، ۳۴۵/۴ ۱۴۔ ايضاً، ۳۷/۵

۱۵۔ الملاعلی القاری، مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، موقع المشكاة الإسلامية، ۱۴۷/۵: www.almeshkat.net/books/index.php

۱۶۔ شرح مسند أبی حنيفة، دارالكتب العلمية بيروت، لبنان، ۵۸۴/۱

۱۷۔ العظيم آبادی، محمد شمس الحق أبوالطيب، عون المعبود، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة: ۲، ۱۴۱۵ھ، ۲۲۹/۱

۱۸۔ الألبانی محمد ناصرالدین، إرواء الغليل فی تخريج أحاديث منارالسبيل، المكتب الإسلامی بيروت، الطبعة: ۲، ۱۴۰۵ھ، ۱۹۸۵م، ۱۷/۶

۱۹۔ تمام المنة، ۲۸/۱

۲۰۔ الألبانی محمد ناصرالدین، سلسلة الأحاديث الضعيفة والموضوعة وأثرها السیء فی الأمة، دارالمعارف، ۲۹۶/۸

۲۱۔ تمام المنة، ۲۰/۱ ۲۲۔ حوينی، حجازی محمد شريف، الفتاوی الحديثية، ۲۷۳/۱

۲۳۔ السلسلة الصحيحة، ۳۸۱/۴، ح:۱۸۸۲ ۲۴۔ تمام المنة، ۳۰/۱

۲۵۔ الألبانی محمد ناصرالدین، الثمر المستطاب فی فقه السنة والكتاب، غراس للنشر والتوزيع الطبعة: ۱، ۱۷/۱

۲۶۔ تمام المنة، ۳۰/۱ ۲۷۔ الثمر المستطاب، ۲۱۸/۱

۲۸۔ شرح سنن ابن ماجه، ۹۸/۱ ۲۹۔ مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ۱۸۳/۲

۳۰۔ سلسلة الأحاديث الضعيفة، ۱۰۵۸/۱۳ ۳۱۔ تمام المنة، ۳۷/۱

۳۲۔ ابن حبان، المجروحين من المحدثين والضعفاء والمتروكين، ۸/۱

۳۳۔ تمام المنة، ۴۰/۱


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۳۴۔ نورالدین، عتر، منہج النقد فی علوم الحدیث، دار الفکر دمشق، سوریۃ، الطبعۃ الثالثۃ ۱۴۱۸ھ، ۱۹۹۷م، ۲۴۵/۱

۳۵۔ تمام المنۃ، ۱۵/۱

۳۶۔ الشہر زوری، عثمان بن عبدالرحمٰن، مقدمۃ ابن الصلاح مکتبۃ الفارابی، الطبعۃ: ۱، ۱۹۸۴م، ۴۴/۱

۳۷۔ الألبانی، محمد ناصرالدین، دفاع عن الحدیث النبوی، ۸۲/۱　　۳۸۔ إرواء الغلیل، ۳۳۲/۴

۳۹۔ الألبانی، محمد ناصرالدین، الرد المفحم علی من خالف العلماء وتشدد وتعصب وألزم المرأۃ أن تستر وجہہا وکفیہا وأوجب ولم یقنع بقولہم ... وستحبۃ المکتبۃ الإسلامیۃ، عمان، الأردن، الطبعۃ: ۱، ۱۴۲۱ھ، ۹۲/۱

۴۰۔ ایضاً، ۹۱/۱　　۴۱۔ ایضاً، ۹۲/۱

۴۲۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، السنن، ایچ۔ ایم سعید کمپنی، ادب منزل، پاکستان چوک، کراچی، ۱۳۱/۲، ح: ۲۹۴۸

۴۳۔ الألبانی، محمد ناصرالدین، صحیح وضعیف سنن الترمذی، ۲۲/۷، ح: ۳۰۲۲

۴۴۔ سنن الترمذی، ۲۰۸/۲، ح: ۳۶۰۴　　۴۵۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی، ۱۷۱/۸، ح: ۳۶۷۱

۴۶۔ تمام المنۃ، ۳۱/۱　　۴۷۔ مقدمۃ ابن الصلاح، ۲۰/۱

۴۸۔ السیوطی، عبدالرحمٰن بن أبی بکر، تدریب الراوی، مکتبۃ الریاض الحدیثۃ۔ الریاض، ۱۷۶/۱

۴۹۔ تمام المنۃ، ۲۶/۱

۵۰۔ العسقلانی، أحمد بن علی بن حجر أبو الفضل الشافعی، فتح الباری، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۳۷۹ھ، ۱۹۶/۲

۵۱۔ إرواء الغلیل، ۱۳۹/۱　　۵۲۔ ایضاً ۱۸۶/۴

۵۳۔ تمام المنۃ، ۳۲/۱　　۵۴۔ ایضاً، ۳۹/۱

۵۵۔ سنن الترمذی، ۲۱۰/۲، ح: ۳۶۳۱　　۵۶۔ صحیح وضعیف سنن أبی داود، ۱۶۴/۶، ح: ۲۶۶۴

۵۷۔ العسقلانی، أحمد بن علی بن حجر، لسان المیزان، مؤسسۃ الأعلمی للمطبوعات، بیروت، الطبعۃ: ۳، ۱۴۰۶ھ، ۴۰/۱

۵۸۔ لسان المیزان، ۱۶۴/۶　　۵۹۔ أخبار أبو حنیفۃ وأصحابہ، ۱۳۹/۱

۶۰۔ لسان المیزان، ۲۹/۲　　۶۱۔ البغدادی، أحمد بن علی، تاریخ بغداد، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۳۵۷/۱۳

۶۲۔ الذھبی، محمد بن احمد، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر، بیروت، لبنان، ۴۳۸/۴

۶۳۔ میزان الاعتدال، ۳۵۷/۲　　۶۴۔ ابن عبدالبر، یوسف، جامع بیان العلم وفضلہ، ۱۴۸/۲، دار الکتب العلمیۃ بیروت، ۱۳۹۸ھ

۶۵۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ، ۱۰۵۸/۱۳

۶۶۔ ابن قیم محمد بن ابی بکر، حافظ (۷۵۱ھ)، کتاب الروح، دار الحدیث جامعہ ازھر قاہرہ، مصر، ۱۴۱۰ھ، ص ۱۳

۶۷۔ البخاری، محمد بن عبدالرحمٰن، حافظ (۹۰۲ھ)، الفتح المغیث شرح الغیہ الحدیث للعراقی دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ص ۲۰

۶۸۔ التعقیبات علی الدراسات، ص ۲۷۳، بحوالہ امام اعظم اور علم الحدیث، مولانا محمد علی صدیقی کاندھلوی، انجمن دار العلوم الشہابیہ، انگھورہ، سیالکوٹ، ص ۶۱۶　　۶۹۔ بخاری، محمد بن اسمٰعیل، الجامع الصحیح، قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی، ۲۹۷/۱، ح: ۲۰۷۵

۷۰۔ الالبانی، محمد ناصرالدین، ضعیف الترغیب والترہیب، مکتبۃ المعارف، الریاض، ۴۴/۲، ح. ۱۷۷۷

۷۱۔ إرواء الغلیل، ۳۰۸/۵


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۷۲۔ الالبانی، محمد ناصر الدین، مختصر إرواء الغلیل فی تخریج أحادیث منار السبیل، المکتب الإسلامی، بیروت، ۱/۲۹۳ الطبعۃ: ۲، ۱۴۰۵ھ، ۱۹۸۵م، ح: ۱/۱۴۸۹

۷۳۔ صحیح البخاری، ۱/۳۰۲ ح: ۲۱۰۹

۷۴۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۹۹۷، ح: ۹۹۶۱

۷۵۔ صحیح البخاری، ۱/۴۰۰، ح: ۲۶۴۳

۷۶۔ الالبانی محمد ناصر الدین، الجامع الصغیر وزیادتہ، المکتب الإسلامی، ۱/۸۴۹، ح: ۸۴۸۱

۷۷۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ، ۹/۲۳۶، ح: ۴۲۲۶

۷۸۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر، ۲۱/۳۳، ح: ۹۹۶۱

۷۹۔ صحیح البخاری، ۱/۲۵ ح: ۱۳۳

۸۰۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ، ۳/۱۰۴، ح: ۱۰۳۰

۸۱۔ مسلم، مسلم بن الحجاج قشیری، الصحیح للمسلم، قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی، ۲/۱۵۵۔ ح: ۳۶۳۱

۸۲۔ سنن ابن ماجہ - باقی + ألبانی، ۲/۱۰۴۹، ح: ۳۱۴۱

۸۳۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۱۴۳۷، ح: ۱۴۳۶۱

۸۴۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ وأثرہا السیء فی الأمۃ، ۱/۱۶۰

۸۵۔ التبریزی، محمد بن عبداللہ الخطیب، مشکاۃ المصابیح، المکتب الإسلامی بیروت، الطبعۃ: ۳، ۱۴۰۵ھ، ۱۹۸۵م، تحقیق محمد ناصر الدین الألبانی ۱/۳۲۶، ح: ۱۴۵۵ (۳)

۸۶۔ الجامع الصحیح للمسلم، ۱/۴۶۴، ح: ۲۵۹۷

۸۷۔ الالبانی، محمد ناصر الدین، آداب الزفاف، المکتب الإسلامی، بیروت، ۱۴۰۹ھ، ۱/۷۰

۸۸۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۴۸۲، ح: ۴۸۱۷

۸۹۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر، ۱۱/۲۶۴، ح: ۴۸۱۷

۹۰۔ ضعیف الترغیب والترہیب، ۲/۱۳، ح: ۱۲۴۰

۹۱۔ مشکاۃ المصابیح۔ تحقیق محمد ناصر الدین الألبانی، ۲/۲۲۳، ح: ۳۱۹۰ (۸)

۹۲۔ الصحیح للمسلم، ۱/۴۶۴، ح: ۲۵۹۸

۹۳۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۴۸۰، ح: ۴۷۹۸

۹۴۔ الصحیح للمسلم، ۱/۲۶۲، ح: ۱۲۸۷

۹۵۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۱۶۴، ح: ۱۶۳۲

۹۶۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ مختصر الشمائل، اختصرہ وحققہ محمد ناصر الدین الألبانی، المکتبۃ الإسلامیۃ، عمان، الأردن، ۱/۱۴۷ ح: ۲۲۷

۹۷۔ الألبانی محمد ناصر الدین، ضعیف أبی داود - المکتب الاسلامی، بیروت، دمشق، عمان، الطبعۃ: ۱، ۱۹۹۱م، ۱/۱۲۹، ح: ۲۸۷

۹۸۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۸۹۰، ح: ۸۸۹۴

۹۹۔ تحقیق ریاض الصالحین، ۱/۴۲۹، ح: ۱۱۸۷

۱۰۰۔ مختصر إرواء الغلیل، ۱/۹۱، ح: ۴۵۳

۱۰۱۔ الصحیح للمسلم، ۱/۱۲۶، ح: ۳۶۲

۱۰۲۔ سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ، ۳/۱۰۴، ح: ۱۰۳۰

۱۰۳۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۲۳۷، ح، ۲۳۶۹

۱۰۴۔ صحیح البخاری، ۱/۲۵، ح: ۱۳۳

۱۰۵۔ الصحیح للمسلم، ۱/۲۷۱، ح: ۱۳۴۲

۱۰۶۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر، ۲۶/۱۷۷، ح: ۱۲۵۳۳

۱۰۷۔ السلسلۃ الصحیحۃ، ۶/۱۵۳، ح: ۲۶۵۱

۱۰۸۔ صحیح الترغیب والترہیب، ۱/۵۴، ح: ۲۲۵

۱۰۹۔ ایضاً، ۲/۹۰، ح: ۱۴۷۳

۱۱۰۔ تحقیق ریاض الصالحین، ۱/۳۹۳، ح: ۱۰۲۸

۱۱۱۔ الصحیح للمسلم، ۱/۶۰، ح: ۱۱۱

۱۱۲۔ مشکاۃ المصابیح، ۳/۳۶۲، ح: ۶۲۴۱ (۵۵)

۱۱۳۔ ابن تیمیۃ، الإیمان - خرج أحادیثہ محمد ناصر الدین الألبانی، المکتب الإسلامی بیروت، الطبعۃ: ۴، ۱۴۱۳ھ، ۱۹۹۳م ۱/۳۸

۱۱۴۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۱۳۵۵، ح: ۱۳۵۵۰

۱۱۵۔ الألبانی، محمد ناصر الدین، صحیح الترمذی، ۳/۲۴۷، المکتب الاسلامی، بیروت، دمشق، عمان، الطبعۃ: ۱، ۱۹۸۸م، ح: ۳۰۶۶

۱۱۶۔ الصحیح للمسلم، ۱/۶۰، ح: ۱۱۲

۱۱۷۔ ایضاً، ۱/۲۵۷، ح: ۱۲۴۱

۱۱۸۔ الجامع الصغیر وزیادتہ، ۱/۷۹۵، ح: ۷۹۵۰

۱۱۹۔ صحیح وضعیف الجامع الصغیر، ۱۷/۹۷، ح: ۷۹۵۰

۱۲۰۔ تحقیق ریاض الصالحین، ۱/۴۲۸، ح: [illegible]

۱۲۱۔ صحیح وضعیف سنن الترمذی، ۱/۴۳۷، سنن الترمذی، ح: ۴۳۷

© rasailojaraid.com